الله اکبر

بسم الله الرحمن الرحيم

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ وَسَلَامٌ عَلٰى عِبَادِهِ الَّذِيْنَ

سب تعریف اللہ کو ہی اور سلام ہی ان بندوں پر جنکو اللہ نے

اصْطَفٰى اَمَّا بَعْدُ فَيَقُوْلُ الرَّاجِيْ

پسند کیا پھر صورت بعد اسکے کہتا ہی امیدوار

رَحْمَةِ اللّٰهِ الْجَلِيْلِ مُحَمَّدُ اِسْمٰعِيْلُ ابْنُ

بزرگی والے اللہ کی رحمت کا محمد اسمعیل بیٹا

عَبْدِ الْغَنِيِّ بْنِ مُسْنِدِ الْوَقْتِ الشَّيْخِ

عبد الغنی کا مسند الوقت شیخ ہیں اپنے زمانے کے معتمد

الْاَجَلِّ رَئِيْسِ الْمُحَدِّثِيْنَ وَتَاجِ الْفُقَهَاءِ

بزرگ جو سردار ہیں محدثوں کے اور تاج فقہا کے

الشَّيْخُ وَلِيُّ اللّٰهِ ابْنُ عَبْدِ الرَّحِيْمِ

جو وہ شیخ ولی اللہ ہیں بیٹے عبد الرحیم کے

الْعُمَرِيُّ الدِّهْلَوِيُّ قُدِّسَ سِرُّهٗ

حضرت عمر کی اولاد سے دہلی کے رہنے والے پاک ہوں انکے راز

اَلْحَقُّ اَنَّ رَفْعَ الْيَدَيْنِ عِنْدَ

سچا مسئلہ یہ ہی کہ دونو ہاتھہ کا اٹھانا نماز شروع

الْاِفْتِتَاحِ وَالرُّكُوْعِ وَالْقِيَامِ مِنْهُ

کرنیکے وقت اور رکوع کرنیکے وقت اور رکوع سے

وَالْقِيَامِ اِلَى الثَّالِثَةِ سُنَّةٌ

اٹھنیکے وقت اور تیسری رکعت ادا کرنے کو اٹھتے وقت (ش ۲)

غَيْرُ مُؤَكَّدَةٍ مِّنْ سُنَنِ الْهُدٰى

غیر موکدہ سنت ہی اُن سنتوں سے کہ بسبب ہدایت کے ہیں (ش ۳)

فَيُثَابُ فَاعِلُهٗ بِقَدْرِ مَا فَعَلَ اِنْ

پھر ثواب پایگا رفع یدین کرنیوالا موافق اپنے کئے کے اگر

دَائِمًا فَبِحَسْبِهٖ وَاِنْ مَرَّةً فَبِمِثْلِهٖ

ہمیشہ کرے تو ہمیشہ کا ثواب ہو اور اگر ایکدفع کرے تو ایکدفع کا ثواب

(ش ۲) یعنی بعد قعدۂ اولی کے *

(ش ۳) یعنے قرب خدا حاصل کرنیکی نیت سے جو سنتیں ہوتی ہیں اسمیں سے یہ بھی ہی *

وَلَا يُلَامُ تَارِكُهُ وَإِنْ تَرَكَهُ مُدَّةَ عُمُرِهِ

اور ملامت کی جاوے رفع یدین نہ کرنیوالے پر گرچہ عمر بھر نہ کرے ش ۲

وَأَمَّا الطَّاعِنُ الْعَالِمُ بِالْحَدِيْثِ أَيْ

اور جو طعن کرنے والا ہی عالم ہو کر حدیث کا یعنے جو شخص

مَنْ ثَبَتَ عِنْدَهُ الْأَحَادِيْثُ الْمُتَعَلِّقَةُ

کر ثابت ہون اسکے پاس حدیثین علاقہ رکھتی ہوئیں

بِهٰذِهِ الْمَسْئَلَةِ فَلَا اِدْخَالَهُ إِلَّا

رفع یدین کے مسئلہ سے (ش ۳) سونہین موقع اسکے داخل کئے جانیکا سوا

فِيْ مَنْ يُشَاقِقِ الرَّسُوْلَ مِنْ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ

اس جماعت کے کہ مخالفت کرلی ہی رسول کی بعد ظاہر ہونے کے

لَهُ الْهُدٰى وَنُرِيْدُ بِالسُّنَّةِ الْهُدٰى مَا ههُنَا

اسکے پاس ہدایت ش ۴) اور مراد ہماری سنت ہدیٰ سے اس جگہ ش ۵

فِعْلٌ غَيْرُ فَرْضٍ وَغَيْرُ مُخْتَصٍّ بِالنَّبِيِّ

وہ فعل ہی کہ فرض نہو اور مخصوص نہ

صلعم فَعَلَهُ هُوَ وَالْخُلَفَاءُ الرَّاشِدُوْنَ

صلعم کے ساتھ نہو حضرت نے کیا ہو اسکو یا اچھے خلیفہ

(ش ۲) بشرطیکہ کرنیوالے کو برا نہ بولے

(ش ۳) یعنے یہان عالم بالحدیث سے مراد سارے جہان کی حدیثین جانیوالا نہین بلکہ اسی مسئلہ کی حدیثین جانیوالا *

ش ۴) اس آیہ کا تمام یہ ہی ومن یشاقق الرسول من بعد ما تبين له الهدى ويتبع غير سبيل المؤمنين نوله ما تولى ونصله جهنم وساءت مصيرا اور جو کوئی مخالفت کرے رسول سے جب کھل چکی اسپر راہ کی بات اور چلے سب مسلمانوں کی راہ سے سوا ہم اسکو حوالے کرین وہی طرف جو اسنے پکڑی اور ڈالین اسکو دوزخ مین اور بہت بری جگہ پہنچا اس آیہ سے ۔ گنوار ہے کرلے

أَوْ أَمَرُوْا بِهِ أَوْ قَرَّرُوْا عَلَيْهِ

یا حکم کیا ہو انھوں نے اس فعل کا یا کوئی کام تو منع نکیا اسسے صداکی

قُرْبَةً وَلَمْ يُنْسَخْ وَلَمْ يُتْرَكْ بِالْاِجْمَاعِ

نزدیکی حاصل کرنیکو اور منسوخ نہوا اور متروک نہوا اجماع سے

وَبِغَيْرِ الْمُؤَكَّدَةِ مَا فَعَلُوْهُ مَرَّةً

اور مراد ہماری غیر موکدہ سے وہ فعل ہی کہ انھوں نے ش ۲ کبھی کیا اسکو

وَتَرَكُوْهُ اُخْرٰى فَبِقَوْلِنَا فِعْلٌ

اور کبھی نہیں کیا پھر کہنے سے ہمارے کہ سنت ہدی فعل ہی

خَرَجَ بِهِ عَدَمُ الرَّفْعِ فَاِنَّ الْعَدَمَ

نکل گیا اُسسے رفع یدین نکرنا سنتہ ہدی ہونیسے ش ۳ کیونکہ نکرنا کسی چیز کے

لَيْسَ بِفِعْلٍ نَعَمْ اِذَا كَانَ الْعَدَمُ مُسْتَمِرًّا

کرنا نہیں ہوتے (ش ۴) مگر ہان جب ہوتا عدم رفع ہمیشہ

فِيْ زَمَانِ النَّبِيِّ صلعم وَالْخُلَفَاءِ

زمانے مین نبی صلعم کے اور خلفاء

الرَّاشِدِيْنَ فَقَطْعُهُ يَكُوْنُ بِدْعَةً

راشدین کے تو اس صورت میں چھوڑنا عدم رفع کا ہوگا بدعت (ش ۵

ہیں کہ مراد مسلمانونکی
اس زمانے مین
رفع یدین وغیرہ نہ کرنا
ہی سو یہ دھوکا اور
تحریف ہی کیونکہ
مراد سب مسلمانونکی
متابعت ... ہی
اور مسلمانونسے
مراد پہلے تو صحابہ اور
تابعین اور تبع تابعین
ہین انکی مخالفت
البتہ نہ چاہیے کہ موافق
آیت کے انکی مخالفت
دوزخ کی راہ ہی
اور اس زمانے کے
مسلمانونکی مخالفت
کہ جنھونے قرآن
و حدیث پر نہ چلنا
اپنا نیا مذہب رکھا
ہی عین متابعت
رسول اور اگلے
مومنین کی ہی *
(ش ۵) یعنے رفع یدین
کے مسئلہ مین
(ش ۲) یعنے صرت
اور ...

وَلَيْسَ فِي مَفْهُومِ الْبِدْعَةِ اِزَالَةُ السُّنَّةِ

اور داخل نہیں ہے معنے میں بدعت کے دور کرنا سنت کا (ش ۳)

حَتّٰى يَلْزَمَ كَوْنُ الْعَدَمِ سُنَّةً بَلْ مَفْهُومُهَا

تا لازم آوے عدم رفع کا سنت ہونا بلکہ معنے بدعت کے

فِعْلٌ لَمْ يُفْعَلْ فِي زَمَنِهِمْ وَبِقَوْلِنَا

جو فعل کہ نکیا گیا زمانے میں نبی صلعم اور خلفاء کے اور ہمارے کہنے سے

غَيْرُ فَرْضٍ خَرَجَتِ الْفَرَائِضُ كُلُّهَا

فرض نہو نکل گئے سب فرض (ش ۳)

وَبِقَوْلِنَا غَيْرُ مُخْتَصٍّ خَرَجَتِ النَّوَافِلُ

اور ہمارے کہنے سے خاص نہو نکل گئے نفل

الْمُخْتَصَّةُ بِهٖ صلعم كَالْوِصَالِ فِي الصَّوْمِ

جو خاص ہیں نبی صلعم کے ساتھ جیسا ملانا روزہ کا (ش ۴)

وَبِقَوْلِنَا لَمْ يُنْسَخْ خَرَجَتِ السُّنَنُ

اور ہمارے کہنے سے منسوخ نہو نکل گئیں منسوخ

الْمَنْسُوخَةُ كَالْقِيَامِ لِلْجَنَازَةِ وَبِقَوْلِنَا

سنتیں جیسا کھڑے رہنا جنازہ دیکھکر (ش ۵) اور ہمارے کہنے سے

ش ۳) اگر کوئی کہے کہ سنت کے معنے طریقہ بھی ہووے یعنی عدم رفع اس معنے سے تو سنت ہی جواب اسکا ہاں مگر ~~ایسے طریقہ~~ ثواب نہیں جیسا کہ حضرت کا طریقہ ظہر کی سنت چار رکعت پڑھنا بھی تھا اور دو رکعت بھی لیکن دو رکعت پڑھنے والے کو چار میں سے دو چھوڑنیکا ثواب نہیں *

ش ۴) اور سنت مرکیکو بولتے ہیں *

ش ۵ یعنے جو لوگ دھوکا دیتے ہیں کہ ہاتھ نہ اٹھانا بھی تو سنت ہی ایک سنت چھوڑ کر دوسری کرنا کیا ضرور ہے محض نادانی

لم يشترك بالاجماع خرجت السنن

متروک ہوا اجماع سے نکل گئیں وہ سنتیں

المتروكة به كالرفع بين السجدتين

جو چھوڑ دی گئیں اجماع سے جیسا کہ ہاتھ اٹھانا دو سجدوں کے بیچ (ش ۲)

ثم هذه تسع مقامات بعد تمهيد مقدمة

پھر بیان نو مقام کا بیان چاہئے بعد تمہید ایک مقدمے کے

وهي ان الترجيح في تعارض

اور وہ مقدمہ یہ ہی کہ غلبہ ایک حدیث کا دوسری پر جہان

الاحاديث اولا بقوة السند وثانيا

تعارض ہو (ش ۳) اول تو سند کی قوت سے ثابت ہوتا ہی اور دوسرے

بشهرته ثالثا بكثرة عمل الصحابة

شہرت ہونے سے حدیث کے اور تیسرے بہت سے صحابہ کے عمل کرنے سے (ش ۴)

وان فهم الصحابي ليس بحجة

اور یہ کہ سمجھ صحابی کے حجت نہیں (ش ۵)

المقام الاول اثبات ان النبي صلي

پہلا مقام ثابت کرنا اسکا ہی کہ نبی صلعم نے

ہی اگر کبھی حضرت رفع کرتے تو بھی رفع کو ترک سنت نہ کہتے بلکہ بدعت کہتے *

(ش ۲) یعنے بدعت فقط سنت چھوڑنیکو تو نہیں کہتے *

ش ۳) یعنے تعریف سے سنت ہدی کی

(ش ۴) یعنے بے افطار کے کئی روزے ملا کر رکھنا

ش ۵) کہ منسوخ ہے جنازہ دیکھ کر اٹھنے کی حدیث کی دوسری حدیث سے صاف ثابت ہی

(ش ۲) کہ یہ سنت بالاجماع متروک ہی

ش ۳) یعنے خلاف ہو مثلا ایک سے تو فعل یا حکم ثابت ہو اور دوسری سے برعکس *

الله عليه وسلم رفع يديه في مواضع

اٹھائے اپنے دونوں ہاتھ

اربعة فنقول احاديثه اشهر من

چار جگہ میں تو ہم کہتے ہیں حدیثیں رفع یدین کی زیادہ مشہور ہیں

حديث الناصية الذي بني عليه

حدیث سے اگلے بال سر کے مسح کی جس پر بنا ہے

تعين مسح ربع الراس بالفرضية وجعل

مسح مقرر کرنے کی بال سر کا فرض جانکر اور ٹھہرایا

بيانا لمجمل الكتاب وكذا من بعض

بیان آیۃ کا جو مجمل تھی (ش ۶) اور اسی طور زیادہ مشہور ہیں بعضے

الاحاديث التي بني عليها سنية

حدیثوں سے کہ جس پر بنا ہے

بعض الافعال كوضع اليمنى على

بعضے کاموں کے سنت ہونیکی جیسی حدیث داہنا ہاتھ رکھنیکی

اليسرى ورفع المسبحة وصلوة

بائیں پر اور کلمہ کی انگلی اٹھانیکی تشہد میں اور حدیث صلوۃ

(ش ۴) یعنے حدیث کی سند قوی ہو وہی غالب ہے اور اگر سند دونوں کی برابر ہے تو جو مشہور ہو گر شہرت میں بھی دونوں برابر ہوں تو جس پر عمل صحابہ کا زیادہ ہو *

ش ۵) یعنے روایت کو صحابی کے اعتبار ہے اور فہم کو خواہ قرآن میں خواہ حدیث میں خواہ حضرت کے فعل کی حقیقت سمجھنے میں اعتبار نہیں خصوصاً جب فہم صحابی کی مخالف ہو دوسرے صحابہ کے فعل و قول سے *

ش ۶ یعنے وامسحوا برؤسکم جو آیہ ہے سو مجمل ہے صاف اسمیں بیان نہیں کہ کتنے سر کا مسح کریں حدیث ناصیہ سے پاؤ سر کا مسح فرض

التَّسْبِيْحِ وَنَحْنُ نَذْكُرُ شَيْئًا مِنْهَا

التسبیح کی ش ۲ اور ہم ذکر کرتے ہیں تھوڑی حدیثیں رفع یدین کی

فَمِنْهَا مَا اَخْرَجَ الْبُخَارِيُّ وَالْمُسْلِمُ

سو اُنھیں حدیثوں سے ہی جو نکالا بخاری اور مسلم نے

عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلعم كَانَ

عبد اللہ بن عمر سے بیشک رسول اللہ صلعم

يَرْفَعُ يَدَيْهِ حَذْوَ مَنْكِبَيْهِ اِذَا

اُٹھایا کرتے تھے دونو ہاتھ اپنے دونو کندھوں تک جب

اَفْتَتَحَ الصَّلٰوةَ وَاِذَا كَبَّرَ لِلرُّكُوْعِ

نماز شروع کرتے اور جب اللہ اکبر کہتے رکوع میں جاتے

وَاِذَا رَفَعَ رَأْسَهٗ مِنَ الرُّكُوْعِ رَفَعَهُمَا

اور جب سر اُٹھاتے رکوع سے ہاتھ اُٹھاتے

كَذٰلِكَ وَقَالَ سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ

ویسا ہی ش ۳ اور فرماتے سنتا اللہ اسکی جو تعریف کرے اسکی

رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ وَكَانَ لَا يَفْعَلُ ذٰلِكَ

ای رب ہمارے تجھکو تعریف ہی اور نہ ہاتھ اُٹھاتے

ٹھہرایا اور رفع یدین کی حدیث اُسسے زیادہ مشہور ہے اسنے کیا قصور کیا کہ رفع یدین کو سنت بھی نہ بولیں

(ش ۲) ان ... حدیثوں سے رفع یدین کی حدیث زیادہ مشہور ہی

ش ۳ یعنے جیسا نماز کے شروع میں اُٹھاتے *

فِي السُّجُودِ وَاخْرَجَ الْبُخَارِيُّ عَنْ نَافِعٍ

جب سجدہ کرنیکو اللہ اکبر کہتے ش ٢ اور نکالا بخاری نے نافع سے ش ٣

اَنَّ ابْنَ عُمَرَ كَانَ اِذَا دَخَلَ فِي الصَّلٰوةِ

بیشک عبد اللہ بن عمر جب شروع کرتے تھے نماز

رَفَعَ يَدَيْهِ وَاِذَا رَكَعَ رَفَعَ يَدَيْهِ وَاِذَا

اپنے ہاتھ اٹھاتے اور جب رکوع کرتے اور جب

قَالَ سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ رَفَعَ يَدَيْهِ وَاِذَا

کہتے سمع اللہ لمن حمدہ ہاتھ اٹھاتے اور جب

قَامَ مِنَ الرَّكْعَتَيْنِ رَفَعَ يَدَيْهِ وَرَفَعَ

اٹھتے دو رکعت پر تھکر اٹھاتے دونو ہاتھ اور پہنچایا

ذٰلِكَ ابْنُ عُمَرَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ

اسکو (ش ٤) عبد اللہ بن عمر نے نبی صلعم تک (ش ٥)

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاخْرَجَ نَحْوَهٗ عَنْهُ مَالِكٌ

اور نکالا مانند اسکے نافع سے امام مالک نے

فِي الْمُوَطَّا وَاخْرَجَ النَّسَائِيُّ اَيْضًا عَنْ ...

موطا میں اور نکالا نسائی بھی

ش ٢ اور جو بعضے حدیثوں میں آیا ہے رفع یدین کرنا سجدہ کرتے وقت اللہ اکبر کہتے میں وہ سنت متروکہ پالاجماع ہے*

ش ٣ نافع آزاد کیے غلام ہیں عبد اللہ بن عمر کے اور اسناد ہیں امام مالک کے*

ش ٤ یعنے اس وقت میں رفع یدین کرنیکو

ش ٥ یعنے کہا عبد اللہ بن عمر نے اس واسطے میں حضرت بھی رفع یدین کرتے تھے*

عَلْقَمَةَ ابْنِ وَائِلٍ حَدَّثَنِي اَبِيْ قَالَ

علقمہ سے ابن وائل کا کہا علقمہ نے بیان کیا مجھ سے میرے باپ نے

صَلَّيْتُ خَلْفَ رَسُوْلِ اللهِ صلعم فَرَأَيْتُهُ

یعنے وائل نے نماز پڑھی میں نے پیچھے رسول اللہ صلعم کے سو دیکھا

يَرْفَعُ يَدَيْهِ اِذَا افْتَتَحَ الصَّلٰوةَ وَاِذَا رَكَعَ

حضرت کو ہاتھ اٹھاتے جب نماز شروع کرتے اور جب رکوع کرتے

وَاِذَا قَالَ سَمِعَ اللهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ هٰكَذَا وَاَشَارَ

اور جب کہتے سمع اللہ لمن حمدہ ہاتھ اٹھاتے ایسے ہی اور اشارہ کیا

قَيْسٌ اِلٰى نَحْوِ الْاُذُنَيْنِ وَاَخْرَجَ

قیس جو راوی ہے قریب دونوں کانوں کے اور نکالا

النَّسَائِيُّ اَيْضًا عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ

نسائی نے محمد بن عمرو سے بھی جو بیٹا

عَطَاءٍ عَنْ اَبِيْ حُمَيْدِنِ السَّاعِدِيِّ قَالَ

ہے عطاء کا ابی حمید ساعدی سے کہا

سَمِعْتُهٗ يُحَدِّثُ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ

محمد نے سنا میں نے ابی حمید کو بیان کرتے کہا اس نے نبی

صلعم اِذَا قَامَ مِنَ السَّجْدَتَيْنِ كَبَّرَ

صلعم جب دو رکعت پڑھکر اٹھتے (ش۲) اللہ اکبر کہتے

وَرَفَعَ يَدَيْهِ حَتّٰى يُحَاذِيَ بِهِمَا مَنْكِبَيْهِ

اور دونوں ہاتھ اٹھاتے برابر دونوں کندھوں کے

كَمَا صَنَعَ حِيْنَ افْتَتَحَ الصَّلٰوةَ وَاَخْرَجَ

جیسا کیے تھے شروع میں نماز کے اور نکالا

اَلْبُخَارِيُّ وَالتِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ

بخاری اور ترمذی اور ابن ماجہ

وَغَيْرُهُمْ وَالنَّسَائِيُّ نَحْوَهٗ عَنْ سَالِمٍ

اور دوسرے محدثین اور نسائی نے اسی طرح سالم سے ش۳

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ رَأَيْتُ

عبداللہ ابن عمر سے کہا عبداللہ نے دیکھا میں نے

رَسُوْلَ اللّٰهِ صلعم اِذَا قَامَ فِي الصَّلٰوةِ

رسول اللہ صلعم کو جب کھڑے ہوتے نماز شروع کرنے

رَفَعَ يَدَيْهِ وَكَانَ يَفْعَلُ ذٰلِكَ حِيْنَ يُكَبِّرُ

دونوں ہاتھ اٹھاتے اور کرتے تھے رفع یدین جب اللہ اکبر کہتے

ش۳ سالم بیٹے ہیں عبداللہ بن عمر کے *

لِلرُّكُوعِ وَيَفْعَلُ ذٰلِكَ إِذَا رَفَعَ رَأْسَهُ

رکوع میں جاتے اور کرتے رفع یدین جب اٹھاتے سر اپنا

مِنَ الرُّكُوعِ وَاَخْرَجَ الْبُخَارِيُّ وَالْمُسْلِمُ

رکوع سے اور نکالا بخاری اور مسلم

وَالتِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالنَّسَائِيُّ

اور ترمذی اور ابن ماجہ اور نسائی نے

نَحْوَهُ عَنْ اَبِي قِلَابَةَ اَنَّهُ رَأَى مَالِكَ

مانند اسکے ابی قلابہ سے کہ اسنے دیکھا مالک

اَبْنَ حُوَيْرِثٍ اِذَا صَلّٰى كَبَّرَ وَرَفَعَ يَدَيْهِ

ابن حویرث کو جب شروع کیا نماز اللہ اکبر کہا اور رفع یدین کیا

وَاِذَا اَرَادَ اَنْ يَرْكَعَ رَفَعَ يَدَيْهِ وَاِذَا رَفَعَ

اور جب ارادہ رکوع کا کیا رفع یدین کیا اور جب اٹھایا

رَأْسَهُ مِنَ الرُّكُوعِ رَفَعَ يَدَيْهِ وَحَدَّثَ

سر اپنا رکوع سے رفع یدین کیا اور بیان کیا مالک نے

اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلعم صَنَعَ هٰكَذَا وَاَخْرَجَ

بیشک رسول اللہ صلعم نے کیا ایسا اور نکالا

مُسْلِمٌ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ

مسلم نے عبداللہ بن عمر سے کہ کہا دیکھا میں نے رسول اللہ

صلعم اِذَا افْتَتَحَ الصَّلٰوةَ رَفَعَ يَدَيْهِ

صلعم کو جب شروع کرتے نماز اٹھاتے دونو ہاتھ اپنے

حَتّٰى يُحَاذِيَ مَنْكِبَيْهِ وَقَبْلَ اَنْ

کندھوں تک اور اٹھاتے

يَّرْكَعَ وَاِذَا رَفَعَ رَأْسَهُ مِنَ الرُّكُوْعِ

پہلے رکوع کے اور جب سر اٹھاتے رکوع سے

وَلَا يَرْفَعُهُمَا بَيْنَ السَّجْدَتَيْنِ وَاَخْرَجَ

اور نہ اٹھاتے ہاتھ دو سجدوں کے درمیان اور نکالا

اِبْنُ مَاجَةَ عَنْ عُمَرَ بْنِ حَبِيْبٍ قَالَ

ابن ماجہ نے عمر بن حبیب سے کہ کہا

كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلعم يَرْفَعُ يَدَيْهِ مَعَ كُلِّ

اسنے رسول اللہ صلعم ہاتھ اٹھایا کرتے تھے ہر

تَكْبِيْرٍ فِي الصَّلٰوةِ الْمَكْتُوْبَةِ وَاَخْرَجَ

تکبیر کے ساتھ فرض نماز میں (ش ۲) اور نکالا

ش ۲ لیکن رفع یدین سوا چار جگہہ کے کہ بیان اُسکا گذر چکا اور تکبیر ونکے بیچ ماتھہ اہل سنت کے یہان سنۃ متروکہ بالاجماع ہی*

اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاؤُدَ وَابْنُ مَاجَةَ عَنْ عَمْرِو
احمد اور ابوداؤد اور ابن ماجہ نے عمرو

بْنِ عَطَاءٍ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا حُمَيْدِنِ
بن عطاء سے کہ کہا اسنے سنا میں نے ابو حمید

السَّاعِدِیْ وَهُوَ فِيْ عَشْرَةٍ مِنْ اَصْحَابِ
ساعدی کو جس حال میں کہ بیٹھا تھا دس اصحابو نمیں

رَسُوْلِ اللّٰهِ صلعم اَحَدُهُمْ اَبُوْ قَتَادَةَ بْنِ
رسول اللہ صلعم کے کہ ایک انمیں سے ابو قتادہ بیٹا

رَبِيْعٍ وَذَكَرَ ابْنُ مَاجَةَ فِيْ مَوْضِعٍ اٰخَرَ
ربیع کا (ش ۲) اور ذکر کیا ابن ماجہ نے دوسری حدیث میں

اَنَّ مِنْهُمْ سَهْلُ بْنُ سَعْدٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ
بیشک ان دس اصحابمیں سے سہل بن سعد اور محمد بن

مَسْلَمَةَ قَالَ اَنَا اَعْلَمُكُمْ بِصَلٰوةِ
مسلمہ ہیں کہا ابو حمید نے میں تم سے خوب جانتا ہوں کیفیت

رَسُوْلِ اللّٰهِ صلعم كَانَ اِذَا قَامَ فِي الصَّلٰوةِ
رسول اللہ صلعم کی نماز کی جب کھڑے ہوتے نماز پڑھنے

ش ۲ اس کہنے سے غرض یہ ہی کہ دسوں بڑے معتبر اصحاب تھے *

اعْتَدَلَ قَائِمًا وَرَفَعَ يَدَيْهِ حَتّٰى

سیدھی کھڑے رہیے اور ہاتھ اٹھانے برابر

يُحَاذِيَ بِهِمَا مَنْكِبَيْهِ ثُمَّ قَالَ اَللّٰهُ اَكْبَرُ

دونو کندھون کے پھر فرماتے اللہ اکبر

وَاِذَا اَرَادَ اَنْ يَرْكَعَ رَفَعَ يَدَيْهِ حَتّٰى

اور جب ارادہ رکوع کا کرتے اٹھاتے ہاتھ برابر

يُحَاذِيَ بِهِمَا مَنْكِبَيْهِ فَاِذَا قَالَ سَمِعَ اللّٰهُ

کندھون کے پھر جب کہتے سمع اللہ

لِمَنْ حَمِدَهٗ رَفَعَ يَدَيْهِ فَاعْتَدَلَ فَاِذَا

لمن حمدہ رفع یدین کرتے اور سیدھے کھڑے ہوتے پھر جب

قَامَ مِنَ السَّجْدَتَيْنِ كَبَّرَ وَرَفَعَ يَدَيْهِ

کھڑے رہتے دو رکعت پڑھکر اللہ اکبر کہے اور رفع یدین کرے

حَتّٰى يُحَاذِيَ بِهِمَا مَنْكِبَيْهِ كَمَا صَنَعَ

برابر دونو کندھون کے جیسا کئے تھے

حِيْنَ افْتَتَحَ مِنَ الصَّلٰوةِ وَاَخْرَجَ

شروع مین نماز کے اور نکالا

التِّرمِذِي عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ
ترمذی نے علی بن ابی طالب سے

عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلعم اَنَّهُ كَانَ اِذَا قَامَ
رسول اللہ صلعم سے کہ حضرت جب کھڑے رہتے

اِلَى الصَّلٰوةِ الْمَكْتُوبَةِ رَفَعَ يَدَيْهِ حَذْوَ
فرض نماز ادا کرنے ہاتھ اٹھاتے برابر

مَنْكِبَيْهِ وَيَصْنَعُ ذٰلِكَ اِذَا قَضٰى قِرَاءَتَهُ
کندھوں کے اور کرتے رفع یدین جب تمام کرتے قراءت

وَاِذَا اَرَادَ اَنْ يَّرْكَعَ وَيَصْنَعُهُ اِذَا رَفَعَ
اور ارادہ کرتے رکوع کا اور رفع یدین کرتے جب اُٹھاتے

رَأْسَهُ مِنَ الرُّكُوْعِ وَلَا يَرْفَعُ يَدَيْهِ فِيْ
سر مبارک رکوع سے اور نہ کرتے رفع یدین

شَيْءٍ مِّنْ صَلٰوتِهِ وَهُوَ قَاعِدٌ فَاِذَا قَامَ مِنَ
اور کہیں اپنی نماز میں جبتک کہ بیٹھے رہتے (ش ۲) پھر جب اُٹھتے

السَّجْدَتَيْنِ رَفَعَ يَدَيْهِ كَذٰلِكَ فَذَكَرَ
دو رکعت پڑھکر رفع یدین کرتے جیسا ہی (ش ۳

ش ۲ یعنی دو سجدے کے درمیان نکر بیٹھے * ش ۳ یعنی جیسا شروع میں کرتے

الحديث وقال الترمذي هذا حديث

پھر ذکر کیا تمام حدیث کو اور کہا ترمذی نے یہہ حدیث

حسن صحيح واخرج ابن ابي شيبة

خوب ہی ش ۲) صحیح ہی اور نکالا ابو بکر بن ابی شیبہ نے

عن عبد ربه بن زيتون قال

عبد سے اپنے ربکے ش ۳ جو بیٹا ہی زیتون کا کہا عبد ربہ نے

ام الدرداء ترفع يديها حذو منكبيها

اُٹھاتی تھی ام درداء ش ۴ اپنے ہاتھ برابر دونوں کندھوں کے

حين تفتتح الصلوة واذا قال الامام

جب شروع کرتی نماز اور جب کہتا امام سمع

سمع الله لمن حمده ترفع يديها وقالت

اللہ لمن حمدہ اُٹھاتی ہاتھ اپنی اور کہتی

اللهم ربنا لك الحمد واخرج احمد

اللہم ربنا لک الحمد اور نکالا احمد

وابوداود وابن ماجة عن بن عباس ان

اور ابو داود اور ابن ماجہ نے عبد اللہ بن عباس سے بیشک

ش ۲ حسن سے مراد اصطلاحی معنے محدثین کے نہیں بلکہ مراد لغوی معنے ہیں یعنی خوب ہی غرض اس کہنے سے ترغیب ہی *

ش ۳ اسکے اصل نام میں نسبت لفظ عبد کی کسی اور کی طرف تھی اسکو بدلا اور عبد ربہ کہا *

ش ۴ یہہ بی بی فقیہہ صحابیہ ہین *

رَسُوْلَ اللّٰهِ صلعم كَانَ يَرْفَعُ يَدَيْهِ اِذَا

رسول اللہ صلعم اُٹھاتے تھے ہاتھ اپنے جب

دَخَلَ فِي الصَّلٰوةِ وَاِذَا رَكَعَ وَاَخْرَجَ

شروع کرتے نماز اور جب رکوع کرتے اور نکالا

اَبُوْدَاوُدَ وَابْنُ مَاجَةَ عَنْ وَائِلِ بْنِ حُجْرٍ

ابوداؤد اور ابن ماجہ نے وائل بن حجر سے

قَالَ قُلْتُ لَاَنْظُرَنَّ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلعم

کہ کہا اسنے میں اپنے دل میں کہا البتہ دیکھونگا رسول اللہ صلعم

كَيْفَ يُصَلِّيْ فَقَامَ فَاسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ

کو کہ کیسی نماز پڑھتے ہیں سو کھڑے ہوئے سامنے کرکے منہ قبلے کی طرف

فَرَفَعَ يَدَيْهِ حَتّٰى حَاذَتَا بِاُذُنَيْهِ فَلَمَّا

سو کے ہاتھ اُٹھائے یہانتک کہ برابر ہوئے دونوں کانوں کے پھر جب

رَكَعَ رَفَعَهُمَا مِثْلَ ذٰلِكَ فَلَمَّا رَفَعَ رَأْسَهُ

رکوع کیا رفع یدین کیا ویسا ہی پھر جب سر کو اُٹھایا

مِنَ الرُّكُوْعِ رَفَعَهُمَا مِثْلَ ذٰلِكَ وَاَخْرَجَ

رکوع سے رفع یدین کیا ویسا ہی اور نکالا

اِبْنُ مَاجَةَ عَنْ اَبِی الزُّبَیْرِ اَنَّ جَابِرَ بْنَ

ابن ماجہ نے ابی زبیر سے کہ بیشک جابر بن

عَبْدِ اللهِ كَانَ اِذَا افْتَتَحَ الصَّلٰوةَ رَفَعَ یَدَیْهِ

عبد اللہ جب شروع کرتا تھا نماز رفع یدین کرتا

وَاِذَا رَكَعَ فَعَلَ مِثْلَ ذٰلِكَ وَیَقُوْلُ رَاَیْتُ

ور جب رکوع کرتا رفع یدین کرتا اسی طرح اور کہتا تھا دیکھا میں نے

رَسُوْلَ اللهِ صلعم فَعَلَ مِثْلَ ذٰلِكَ وَاَخْرَجَ

رسول اللہ صلعم کو ایسا ہی کرتے اور نکالا

اَلْحَاكِمُ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ قَالَ

حاکم نے علی بن ابی طالب سے کہ کہا

لَمَّا اُنْزِلَتْ هٰذِهِ الْاٰیَةُ عَلٰی رَسُوْلِ اللهِ صلعم

علی نے جب اتری یہ آیہ رسول اللہ صلعم پر

اِنَّا اَعْطَیْنَاكَ الْكَوْثَرَ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ

بیشک دیا ہم نے تجھ کو چشمہ کوثر سو تو نماز پڑھ اپنے رب کی

قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلعم مَا هٰذِهِ النَّحْرَةُ

اور نحر کر فرمایا پس رسول اللہ صلعم نے کیا مراد ہے اس نحر سے

الّتی امرنی بہا ربّی قال انّہا لیست

جو حکم کیا مجھے اسکا میرے رب نے کہا یعنے جبرئیل نے نہیں مراد

بنحیرۃ ولکنہ یامرک اذا تحرمت

اُسے قربانی لیکن نماز کا حکم کرتا ہی مجھکو کہ جب قصد کرے تو

للصلوۃ ان ترفع یدیک اذا کبرت

تحریمہ باندھنے کا نماز کے لیے اٹھایا کرے تو دونوں ہاتھ اپنے اللہ اکبر کہتے وقت

واذا رفعت رأسک من الرکوع فانہا

اور جسوقت کہ سر اپنا اٹھاوے تو رکوع سے کہ اسطور کی

صلوتنا وصلوۃ الملائکۃ الذین فی

نماز ہماری نماز ہی ش ۲ اور نماز ساتوں آسمان کے

ش ۲ یعنے ملائک مقربین کی *

السموات السبع قال النبی صلعم

فرشتوں کی فرمایا نبی صلعم نے

رفع الایدی من الاستکانۃ التی

ہاتھ اٹھانا اُس عاجزی کی صورت ہی جو

قال اللہ عز وجل فما استکانوا لربہم

فرمایا اللہ غالب اور بزرگ نے پھر عاجزی نکی اپنے رب

وَمَا يَتَضَرَّعُوْنَ وَأَخْرَجَ أَبُوْ دَاؤدَ عَنْ

اور زاری کرتے تھے اور نکالا ابو داؤد نے

مَيْمُوْنِ الْمَكِّيِّ أَنَّهُ رَأَى عَبْدَ اللّٰهِ ابْنَ

میمون مکی سے کہ اسنے دیکھا عبد اللہ ابن

الزُّبَيْرِ وَصَلّٰى بِهِمْ يُشِيْرُ بِكَفَّيْهِ حِيْنَ

زبیر کو امامت کے حال میں اشارہ کرتا ہوا دونوں ہاتھوں سے (ش ٢) جس وقت

يَقُوْمُ وَحِيْنَ يَرْكَعُ وَيَسْجُدُ

کھڑا ہوتا (ش ٣) اور جس وقت رکوع کرتا اور جس وقت سجدہ میں

وَحِيْنَ يَنْتَهِضُ لِلْقِيَامِ فَيَقُوْمُ فَيُشِيْرُ

جاتا اور جس وقت ارادہ کرتا کھڑے ہونے کا سو اٹھتا پھر اشارہ کرتا

بِيَدَيْهِ فَانْطَلَقْتُ اِلَى ابْنِ عَبَّاسٍ

دونوں ہاتھوں سے کہا میمون نے پھر جا گیا میں عبد اللہ بن عباس کے پاس

فَقُلْتُ اِنِّيْ رَأَيْتُ ابْنَ الزُّبَيْرِ صَلّٰى

اور کہا میں نے دیکھا عبد اللہ ابن زبیر کو ایسی نماز پڑھتے

صَلٰوةً لَمْ اَرَ اَحَدًا يُصَلِّيْهَا فَوَصَفْتُ لَهٗ

کہ نہ دیکھا کسی کو پڑھتے ہوئے پھر بیان کیا میں نے اُسے

ش ٢ یعنی رفع یدین کرتا ہوا *

ش ٣ یعنی نماز شروع کرتے وقت

هٰذِہٖ الْاِشَارَةِ فَقَالَ اِنْ اَحْبَبْتَ اَنْ تَنْظُرَ

اس اشارے کا (ش ٢) تب کہا ابن عباس نے اگر آرزو ہو تو

اِلٰی صَلٰوةِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صلعم فَاقْتَدِ بِصَلٰوةِ

تجھکو رسول اللہ صلعم کی نماز دیکھنیکی (ش ٣) تو کیا کر نماز

عَبْدِ اللّٰہِ ابْنِ الزُّبَیْرِ وَاَخْرَجَ النَّسَائِیْ

عبد اللہ بن زبیر کی نماز دیکھکر (ش ٤) اور نکالا نسائی نے

عَنْ عَاصِمِ بْنِ کُلَیْبٍ قَالَ حَدَّثَنِیْ

عاصم بن کلیب سے ش ٥ کہا عاصم نے بیان کیا

اَبِیْ اَنَّ وَائِلَ بْنَ حُجْرٍ اَخْبَرَہٗ قَالَ

مجھسے باپ نے میرے خبر دی وائل بن حجر نے کہا

قُلْتُ لَاَنْظُرَنَّ اِلٰی صَلٰوةِ رَسُوْلِ اللّٰہِ

وائل نے میں اپنے دلمیں کہا ہی آنکھسے دیکھونگا نماز رسول اللہ

صلعم کَیْفَ یُصَلِّیْ فَنَظَرْتُ اِلَیْہِ فَقَامَ

صلعم کی کہ کیسی پڑھتے ہیں پھر دیکھا حضرت کو سو کھڑے رہے

وَکَبَّرَ وَرَفَعَ یَدَیْہِ حَتّٰی حَاذَتَا اُذُنَیْہِ

اور اللہ اکبر کہہ اور اٹھائے دونوں ہاتھ یہان تک کہ برابر آئے دونوں کان کے

ش ٢ یعنی رفع یدین کا

ش ٣ یعنے دیکھکر سیکھنے کی *

ش ٤ یعنی عبد اللہ بن زبیر کی نماز مشابہت رکھتی ہی رسول اللہ صلعم کی نماز سے حضرت بھی رفع یدین کرتے تھے *

ش ٥ عاصم بن کلیب راوی صحیف ہی اس حدیث کو بطور توابع کے لایا صحیح حدیثون کی رفع یدین کی کچھ کمی نہیں *

ثُمَّ وَضَعَ يَدَهُ الْيُمْنٰى عَلٰى كَفِّهِ الْيُسْرٰى

پھر رکھے داہنا پنجہ بائیں پنجے

وَالرُّسْغِ وَالسَّاعِدِ فَلَمَّا اَرَادَ اَنْ يَّرْكَعَ

اور بند دست اور ساعد پر ش ٢ پھر جب ارادہ رکوع کا کیا

رَفَعَ يَدَيْهِ مِثْلَهَا قَالَ وَوَضَعَ يَدَيْهِ عَلٰى

رفع یدین کیا ویسا ہی کہا وائل نے اور رکھا دونو پنجے اپنے

رُكْبَتَيْهِ ثُمَّ لَمَّا رَفَعَ رَأْسَهُ رَفَعَ يَدَيْهِ مِثْلَهَا

دونو گھٹنوں پر ش ٣ پھر جب اُٹھائے سر اپنا رفع یدین کیا ویسا ہی

ثُمَّ سَجَدَ فَجَعَلَ كَفَّيْهِ بِحِذَاءِ اُذُنَيْهِ

پھر سجدہ کیا سو رکھا دونو پنجے برابر دونو کانوں کے ش ٤

ثُمَّ قَعَدَ وَافْتَرَشَ رِجْلَهُ الْيُسْرٰى وَوَضَعَ

پھر بیٹھے اور بچھایا بایاں پانوں اپنا اور رکھا

كَفَّهُ الْيُسْرٰى عَلٰى فَخِذِهِ وَرُكْبَتِهِ

بایاں پنجہ اپنی بائیں ران اور گھٹنے پر

الْيُسْرٰى وَجَعَلَ حَدَّ مِرْفَقِهِ الْاَيْمَنِ

اور رکھا نوک ش ٥ اپنی داہنی کہنی کی

ش ٢ یعنی داہنا پنجہ اسطور سے رکھا کہ بائیں پنجے اور بند دست اور اسکے اوپر کی جانب پر جسکو ساعد کہتے ہیں سب پر ٭

ش ٣ یعنی رکوع میں ٭

ش ٤ یعنی سجدہ کرتے وقت ٭

ش ٥ ہر چیز کی انتہا کو اسکی حد کہتے ہیں ٭

عَلٰی فَخِذِہِ الْیُمْنٰی ثُمَّ قَبَضَ اِثْنَیْنِ

اپنی داہنی ران پر پھر بند کیے دو انگلیاں ش ۲

مِنْ اَصَابِعِہٖ وَحَلَّقَ حَلْقَۃً ثُمَّ وَضَعَ

اور باندھا حلقہ ش ۳ پھر رکھدی اپنی انگلی ش ۴

اِصْبَعَہٗ فَرَاَیْتُہٗ یُحَرِّکُہَا یَدْعُوْبِہَا

سو دیکھا میں حضرت کو ہلاتے اُسکو دعا کرتے ہوئے اُسے

وَبِالْجُمْلَۃِ قَدْ وَرَدَتْ فِی

اور حاصل اسے یہہ کہ تحقیق آئین ہاتھہ رفع یدین کے

ھٰذَا الْبَابِ رِوَایَاتٌ لَا یَسَعُ

باب میں اتنی روایتیں کہ گنجایش نہیں رکھتا

لِذِکْرِہَا الْمَقَامُ بَلْ نَذْکُرُ اَسَامِیَ

اسکے ذکر کی یہہ مقام بلکہ ذکر کرتے ہیں ہم

الرُّوَاتِ اَیْنَمَا قَالَ مَجْدُ الدِّیْنِ

گنتی راویوں کے نام کی بھی کہا مجد الدین

الْفِیْرُوْزَابَادِیْ وَھُوَ مِنْ اَجِلَّۃِ الْمُحَدِّثِیْنَ

فیروزآبادی نے اور وہ بڑے محدثوں سے

ش ۲ یعنی کن انگلی اور اسکی ساتھہ کی انگلی *

ش ۳ یعنی بیچ کی انگلی اور انگوٹھے سے حلقہ کیا *

ش ۴ یعنی انگلی شہادت کی *

وَاَشْهَرُهُمْ فِيْ سِفْرِ السَّعَادَةِ اِنَّ الْاَخْبَارَ
اور مشہور وہ ہے جو کتاب سفر السعادہ میں کہ حدیثیں پیغمبر کی

وَالْاٰثَارَ الَّتِيْ رُوِيَتْ فِيْ هٰذَا الْبَابِ
اور آثار صحابہ کے جو روایت کی گئیں اس رفع یدین کے باب میں

تَبْلُغُ اِلٰى اَرْبَعَةِ مِائَةٍ اِنْتَهٰى
پہنچتی ہیں گنتی انکی چار سو تک تمام ہوا قول مجد الدین کا

وَنَحْنُ نَذْكُرُ اَسَامِيَ بَعْضِهِمْ فَمِنْهُمْ
اور ہم ذکر کرتے ہیں صاف نام بعضے راویوں کے سو راوی وہ ہے

الْعَشَرَةُ الْمُبَشَّرَةُ كَمَا قَالَ الْحَاكِمُ
رفع یدین کے عشرہ مبشرہ ہیں جیسا کہ کہا حاکم نے

لَيْسَ بِسُنَّةٍ مِنَ السُّنَنِ رَوَاهُ
نہیں کوئی سنت اور سنتوں سے کہ روایت کیا ہو

الْعَشَرَةُ الْمُبَشَّرَةُ غَيْرَ رَفْعِ الْيَدَيْنِ
عشرہ مبشرہ نے سوا رفع یدین کی سنت کے

وَمِنْهُمُ الْعَشَرَةُ الَّذِيْنَ رَوٰى اَبُوْحُمَيْدٍ
اور انھیں میں سے وہ دس صحابہ ہیں کہ روایت کیا ابو حمید نے

السَّاعِدِيُّ فِي مَجْلِسِهِمْ لِمَا رُوِيَ

ساعدی نے انکی مجلس مین اس لئے کہ روایت کیا گیا کہ

أَنَّهُمْ بَعْدَ سَمَاعِهِمْ مِنَ السَّاعِدِيِّ

انھوں نے سنکر ساعدی سے

قَالُوا نَعَمْ وَمِنْهُمْ حَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ وَسَهْلُ

کہا ہان سچ ہے اور اُنمین سے حسن بن علی اور سہل

سچ ہے اس ہان کہنے سے اُن دسونکی روایت ثابت ہوئی *

وَزَيْدٌ وَعُقْبَةُ وَابْنُ مَسْعُودٍ وَعَبْدُ اللهِ

اور زید اور عقبہ اور ابو مسعود اور عبد اللہ

بْنُ عُمَرَ وَسَلْمَانُ وَأَبُو مُوسَى وَأَبُو سَعِيدٍ

بن عمر اور سلمان اور ابو موسی اور ابو سعید

وَعَايِشَةُ وَبُرَيْدَةُ وَعَمَّارٌ وَأُمُّ الدَّرْدَاءِ

اور عایشہ اور بریدہ اور عمار اور ام درداء

قَالَ أَبُو عِيسَى التِّرْمِذِيُّ

کہا ابو عیسی ترمذی نے ہین

فِي الْبَابِ بَعْدَ مَا ذَكَرَ حَدِيثَ

باب مین رفع یدین کے بعد ذکر کرنیکے عبد اللہ بن عمر کی

ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ

حدیث کہ نبی صلی اللہ علیہ

وسلم قَالَ وَفِي الْبَابِ عَنْ عُمَرَ

وسلم سے کہا ترمذی نے اور رفع یدین کے باب میں روایت ہے

وَعَلِيٍّ وَوَائِلِ بْنِ حُجْرٍ وَمَالِكِ بْنِ

عمر اور علی اور وائل بن حجر اور مالک بن

الْحُوَيْرِثِ وَأَنَسٍ وَأَبِي هُرَيْرَةَ وَأَبِي

حویرث اور انس اور ابی ہریرہ اور ابی

حُمَيْدٍ وَأَبِي السَّعِيدِ وَسَهْلِ بْنِ سَعْدٍ

حمید اور ابی سعید اور سہل بن سعد

وَمُحَمَّدِ بْنِ مَسْلَمَةَ وَأَبِي قَتَادَةَ وَأَبِي

اور محمد بن مسلمہ اور ابی قتادہ اور ابی

مُوسَى الْأَشْعَرِيِّ وَجَابِرٍ وَعُمَرَ اللَّيْثِيِّ

موسی اشعری اور جابر اور عمر لیثی سے

قَالَ أَبُو عِيسَى حَدِيثُ ابْنِ عُمَرَ

کہا ابو عیسی نے حدیث عبد اللہ ابن عمر کی

حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ وَبِهٰذَا
خوب حدیث ہی صحیح ہی اور اس حدیث کے

یَقُوْلُ بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ اَصْحَابِ
قائل ہیں ش ۲ بعضے اہل علم اصحاب سے

النَّبِیِّ صلعم مِنْهُمْ ابْنُ عُمَرَ وَجَابِرٌ
نبی صلعم کے اُن میں سے عبد اللہ بن عمر اور جابر

وَاَبُوْهُرَیْرَةَ وَاَنَسٌ وَابْنُ عَبَّاسٍ
اور ابو ہریرہ اور انس اور عبد اللہ ابن عباس

وَعَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ الزُّبَیْرِ وَغَیْرُهُمْ وَمِنَ
اور عبد اللہ ابن زبیر وغیرہم ہیں اور قابل

التَّابِعِیْنَ الْحَسَنُ الْبَصْرِیُّ وَعَطَاءٌ
اس حدیث کے تابعین سے حسن بصری اور عطاء

وَطَاؤُسٌ وَمُجَاهِدٌ وَنَافِعٌ وَسَالِمُ
اور طاؤس اور مجاہد اور نافع اور سالم

بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ وَسَعِیْدُ بْنُ جُبَیْرٍ وَغَیْرُهُمْ
بن عبد اللہ اور سعید بن جبیر وغیرہم ہیں

ش ۲ یعنے عامل ہیں *

وَبِهٖ يَقُوْلُ عَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ الْمُبَارَكِ

اور اس حدیث کے قایل ہیں ش۲ عبد اللہ بن مبارک

وَالشَّافِعِيُّ وَاَحْمَدُ وَاِسْحَاقُ وَقَالَ

اور امام شافعی اور امام احمد اور اسحاق اور کہا

ابْنُ الْمُبَارَكِ قَدْ ثَبَتَ حَدِيْثُ مَنْ

ابن مبارک نے تحقیق صحت کو پہنچ چکی حدیث

يَرْفَعُ وَذَكَرَ حَدِيْثَ الزُّهْرِيِّ

رفع یدین کی اور ذکر کیا حدیث زہری کی

عَنْ سَالِمٍ عَنْ اَبِيْهِ وَلَمْ يَثْبُتْ حَدِيْثُ

جو روایت ہی سالم سے عبد اللہ ابن عمر سے اور صحت کو نہ پہنچی حدیث

ابْنِ مَسْعُوْدٍ رض اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ

عبد اللہ بن مسعود رض کی کہ بیشک نبی صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَرْفَعْ اِلَّا فِيْ اَوَّلِ مَرَّةٍ

علیہ و سلم نے نہ اٹھایا ہاتھ سوا پہلے بار کے

حَدَّثَنَا بِذٰلِكَ اَحْمَدُ ابْنُ

بیان کیا ہمسے اس قول کو عبد اللہ ابن مبارک کے احمد ابن

ش۲ یہ بھی مقولہ ابو عیسی ترمذی کا ہی

اِسْحَاقَ عَبْدَةَ الاَمْلِي حَدَّثَنَا وَهْبُ

اسحاق عبدہ آملی نے کہا اُسنے بیان کیا ہم سے وہب

بْنُ رَفْعَةَ عَنْ سُفْيَانَ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ

بن رفعہ نے سفیان بن عبد الملک سے

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ الْمُبَارَكِ اِنْتَهٰى

عبد اللہ ابن المبارک سے تمام ہوئی عبارت ترمذی کی

اَلْمَقَامُ الثَّانِي اَنَّ رَفْعَهُ صلعم

دوسرا مقام یہہ کہ رفع یدین کرنا آنحضرت صلعم کا

كَانَ قُرْبَةً وَعِبَادَةً وَلَمْ يَكُنْ

ثواب سے خدا کی نزدیکی حاصل کرنیکی اور عبادتکی جہت سے اور نہ تھا

عَادَةً وَهُوَ ظَاهِرٌ فَاِنَّ اَفْعَالَ الصَّلٰوةِ كُلَّهَا

عادت کی جہت سے اور یہہ بات ظاہر ہی کیونکہ نماز کے سب کام

عِبَادَةٌ لَاسِيَّمَا اِذَا لَمْ يَكُنْ ذٰلِكَ الْفِعْلُ

عبادت ہیں خصوصا جب نہ ہو عادت اس فعل کی

عَادَةً فِي غَيْرِ الصَّلٰوةِ اَيْضًا وَاَيْضًا

غیر صلوۃ میں بھی اور دوسری دلیل

شن ۲ عبدہ و دل
بھی اسحاق سے

لَوْ كَانَ عَادَةً لَمْ يَهْتَمِّ

اس بات پر ہے کہ اگر رفع یدین حضرۃ کی عادۃ ہوتی تو اتنا اہتمام نکرتے

الصَّحَابَةُ وَالْفُقَهَاءُ بِرِوَايَتِهِ

اصحاب اور فقیہ لوگ اسکی روایت

وَاتِّبَاعِهِ يُفْهَمُ كَوْنُهُ عِبَادَةً

اور پیروی میں سمجھاجاتا ہی رفع یدین کا عبادت ہونا

مِنْ رِوَايَةِ الْحَاكِمِ اَنَّ اللهَ اَمَرَهُ بِهِ

روایت سے حاکم کی کہ اللہ نے حکم کیا حضرتکو رفع یدین کا

وَمِنْ قَوْلِهِ صلعم اِنَّ رَفْعَ الْاَيْدِي

اور آن حضرت صلعم کے کہے سے ہاتھوں کا اٹھانا

مِنَ الْاِسْتِكَانَةِ الْمَقَامُ الثَّالِثُ اَنَّهُ لَمْ يَكُنْ

عاجزی کی صورت ہی تیسرا مقام یہ کہ رفع یدین

مُخْتَصًّا بِهِ صلعم وَهُوَ ظَاهِرٌ لِاتِّبَاعِ

خاص نہ تھا آن حضرت کیلئے اور یہ بات ظاہر ہی اسواسطے کہ لوگوں نے

النَّاسِ فِيهِ بِحَضْرَتِهِ صلعم

پیروی کی رفع یدین میں آن حضرت صلعم کے حضور میں ش ٢

ش ٢ یعنی جیسے جی

وَبِحَضْرَةِ الْخُلَفَاءِ الرَّاشِدِيْنَ وَلَمْ يَمْنَعُوْا

اور حضور میں خلفاء راشدین کے اور نہ منع کیا ش ٢

ش ٢ حضرت اور خلفاء نے بھی

اَلْمَقَامُ الرَّابِعُ اَنَّهُ صلعم

چوتھا مقام یہ کہ آنحضرت صلعم نے

لَمْ يَكُنْ مُلْتَزِمًا اِيَّاهُ بَلْ تَرَكَهُ مَرَّةً

لازم نہ کر لیا تھا رفع یدین کو بلکہ کبھی نہ کیا

وَفَعَلَهُ اُخْرٰى فَهُوَ يَظْهَرُ مِمَّا

اور کبھی کیا سو یہ امر ظاہر ہو گی اس حدیث سے

سَيَجِيْءُ اَلْمَقَامُ الْخَامِسُ عَدَمُ

کہ آگے آتی ہیں پانچواں مقام نہ ثابت ہونا ہے

ثُبُوْتِ النَّسْخِ وَلْيُعْلَمْ اَوَّلًا

رفع یدین کی منسوخیت کا اور معلوم کیا چاہیئے پہلے اسکو

ش ٣ انفیہ دعوا کرنے والا رفع یدین کی منسوخیت کا *

اَنَّ الْمُدَّعِيْ هُوَ الْمُثْبِتُ لِلنَّسْخِ

کہ مدعی ش ٣ ثابت کرنے والا ہی منسوخیت کو

وَالْمُتَمَسِّكُ بِالظَّاهِرِ هُوَ الْمُنْكِرُ لَهُ

اور عمل کرنے والا ظاہر حدیث پر منکر ہی اسکا ش ٤

ش ٤ یعنی رفع یدین کی منسوخیت کا *

لِاَنَّ الظَّاهِرَ اَنَّ مَا ثَبَتَ مِنْهُ صلعم

کیونکہ ظاہر یہہ بات ہی جو ثابت ہوا آنحضرت صلعم سے

يَلْزَمُنَا اِتِّبَاعُهُ مَا لَمْ يَقُمْ دَلِيْلٌ

لازم ہی ہمکو پیروی اُسکی جبتک کہ نہ قایم ہو کوئی دلیل

عَلٰی نَسْخِهٖ فَيَكْفِيْ لِمُنْكِرِ النَّسْخِ

اُسکی منسوخیہ پر پھر کافی ہی منکر منسوخیہ کو

اَلْجَرْحُ عَلٰی دَلَائِلِهٖ فَاِذَا تَمَّ ثَبَتَ

اعتراض کرنا منسوخیہ کی دلیلوں پر پھر جب تمام ہوگا ش۲ ثابت ہوگا

مُدَّعَاهُ وَاسْتَدَلُّوْا عَلَی النَّسْخِ

مدعا اُسکا ش۳ اور دلیل پکڑی ہی منسوخیہ پر ش۴

بِرِوَايَاتٍ مِنْهَا مَا اَخْرَجَ التِّرْمِذِيُّ

کئی روایتوں سے اس میں ہے جو نکالا ترمذی نے

عَنْ عَلْقَمَةَ قَالَ صَلّٰی ابْنُ مَسْعُوْدٍ

علقمہ سے کہا علقمہ نے نماز پڑھی عبد اللہ بن مسعود نے

وَلَمْ يَرْفَعْ يَدَيْهِ اِلَّا اَوَّلَ مَرَّةٍ وَقَالَ

اور نہ کیا رفع یدین سوا پہلی بار کے اور کہا ابن مسعود نے

ش۲ یعنی اعتراض منکر النسخ کا *

ش۳ یعنی منصب کو مدعی کے دلیل گذارنا ضرور ہے اور یہہ مشکل امر ہی اور منصب کو معترض کے دلیل گذارنا ضرور نہیں بلکہ فقط اعتراض کافی ہی جس مطلب سے وہ اعتراض کرتا ہی اسکا اعتراض ثابت [illegible] ہوگئے ہی مطلب اسکا ثابت ہوگا *

ش۴ یعنی رفع یدین کی حدیث کے *

صَلَّيْتُ بِكُمْ صَلٰوةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلعم

نماز پڑھی میں نے تمھارے ساتھ جیسی نماز رسول اللہ صلعم کی ش ۲

وَمِنْهَا مَا اَخْرَجَ اَبُوْدَاؤُدَ عَنِ الْبَرَاءِ

اور اس میں سے جو نکالا ابو داؤد نے براء بن

بْنِ عَازِبٍ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلعم

عازب سے کہا انے رسول اللہ صلعم

اِذَا افْتَتَحَ فِی الصَّلٰوةِ رَفَعَ يَدَيْهِ

جب شروع کرتے تھے نماز اپنے دونوں ہاتھ اٹھاتے

حَذْوَ مَنْكِبَيْهِ ثُمَّ لَا يَعُوْدُ وَفِي

برابر دونوں کندھوں کے پھر دوسری بار رفع یدین نکرتے اور

رِوَايَةٍ ثُمَّ لَا يَرْفَعُهُمَا حَتّٰى انْصَرَفَ

ایک روایت میں ہے اٹھاتے ہاتھ جب تک کہ سلام نہ پھرتے ش ۳

وَمِنْهَا مَا اَخْرَجَ مُحَمَّدٌ فِی الْمُوَطَّا

اور اسمیں سے جو نکالا امام محمد نے بیچ موطا میں

عَنْ عَاصِمِ بْنِ كُلَيْبِ الْجَرْمِيِّ عَنْ اَبِيْهِ

عاصم بن کلیب جرمی سے کلیب سے

ش ۲ اس ترمذی کی روایت سے رفع یدین کی منسوخیت نہیں نکلتی بلکہ عبد اللہ بن مسعود کا بھی رفع یدین نکرنا ہمیشہ نہیں نکلتا کیونکہ اسمیں بیان ایکبار کے فعل کا ہی اور فعل کو عموم نہیں اور رہا شبہ تشبیہ کا نماز سے رسول اللہ صلعم کی سو اسکا جواب یہہ ہی کہ تشبیہ میں تشبیہ ہر جز کی ہر جز کے ساتھ ضرور نہیں جیسا کہ فلاں شخص شیر ہی تو کچھ دم ہونا ضرور نہیں *

ش ۳ یہہ حدیث ضعیف ہی دلیل اسکے ضعف کی آگے باب مصنف نے مذکور کی ہی *

أَنَّ عَلِيَّ بْنَ أَبِي طَالِبٍ لَا يَرْفَعُ يَدَيْهِ

کہ بیشک علی بن ابی طالب نہ کتھے اٹھاتے اپنے

إِلَّا فِي التَّكْبِيرَةِ الْأُولَى وَأَخْرَجَ أَيْضًا

سواے تکبیر اولی کے ش ۲ اور نکالا امام محمد نے

عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ حَكِيمٍ قَالَ رَأَيْتُ

عبد العزیز بن حکیم سے کہ کہا عبد العزیز نے دیکھا میں نے

ابْنَ عُمَرَ لَا يَرْفَعُ يَدَيْهِ إِلَّا فِي التَّكْبِيرَةِ

عبد اللہ بن عمر کو نہ اٹھاتے اپنے ہاتھ سواے تکبیر

الْأُولَى وَمِنْهَا مَا أَخْرَجَ الطَّحَاوِيُّ

اولی کے ش ۳ اور انہیں سے جو نکالا طحاوی نے

عَنْ مُجَاهِدٍ قَالَ صَلَّيْتُ خَلْفَ

مجاہد سے کہ کہا مجاہد نے نماز پڑھی میں نے پیچھے عبد اللہ

بْنِ عُمَرَ فَلَا يَرْفَعُ يَدَيْهِ إِلَّا فِي التَّكْبِيرَةِ

بن عمر کے سو نہ اٹھاتا تھا اپنے ہاتھ سواے تکبیر

الْأُولَى وَرُوِيَ عَنْ أَسْوَدَ أَنَّهُ قَالَ

اولی کے ش ۴ اور روایت کیا گیا اسود سے کہ اسنے کہا

ش ۱ یہہ حدیث ضعیف ہی اور مخالف ہی روایت سے صحیح السنہ اور ترمذی اور ابوداؤد وغیرہ امام اہلسنت کے کہ جنکا بیان مصنف نے بیان کیا ہی *

ش ۳ یہہ حدیث مخالف ہی بخاری اور مسلم وغیرہما کی روایت سے جو یہہ ہی ان ابن عمر کان اذا دخل فی الصلوٰۃ کبر و رفع یدیہ و اذا رکع رفع یدیہ اہ *

ش ۴ یہہ حدیث بھی اسکے اوپر والی حدیث کی طرح مخالف ہی بخاری اور مسلم وغیرہما کی روایت سے *

رَأَيْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ لَا يَرْفَعُ يَدَيْهِ
دیکھا میں نے عمر بن خطاب کو نہ اٹھاتے تھے دو ہاتھ اپنے
اِلَّا فِي التَّكْبِيرَةِ الْاُولٰى وَنَقَلَ ابْنُ
سواے تکبیر اولی کے ش ۲ اور نقل کیا ابن
الْهُمَامِ عَنْ دَارَقُطْنِيِّ وَعَدِيٍّ عَنْ
ہمام نے دار قطنی سے اور عدی سے
مُحَمَّدِ بْنِ جَابِرٍ عَنْ حَمَّادِ بْنِ سُلَيْمَانَ
محمد بن جابر سے حماد بن سلیمان سے
عَنْ عَلْقَمَةَ عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ
علقمہ سے عبد اللہ بن مسعود سے کہ کہا عبد اللہ ابن مسعود نے
صَلَّيْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلعم وَاَبِي بَكْرٍ
نماز پڑھی میں نے رسول اللہ صلعم اور ابی بکر
وَعُمَرَ لَا يَرْفَعُوْنَ اَيْدِيَهُمْ اِلَّا عِنْدَ
اور عمر کے ساتھ نہ اٹھاتے تھے اپنے ہاتھ سواے
الْاِفْتِتَاحِ وَقَالَ فِي النِّهَايَةِ شَرْحِ
تکبیر اولی کے ش ۳ اور کہا کتاب نہایہ میں جو شرح ہے

ش ۲ جو اگلی دونو حدیثوں کا جواب حاشئے میں لکھا گیا وہی جواب اسکا بھی *

ش ۳ امام احمد اور ابن تیمیہ اور ابن جوزی نے اس حدیث کو موضوع کہا *

الْهِدَايَةِ اِنَّ عَبْدَ اللّٰهِ ابْنَ الزُّبَيْرِ رَاٰى
کتاب ہدایہ کی بیشک عبد اللہ بن زبیر نے دیکھا
رَجُلًا يُصَلِّيْ فِي مَسْجِدِ الْحَرَامِ وَيَرْفَعُ
ایک مرد کو نماز پڑھتے بیت اللہ میں جس حال میں کہ اٹھاتا تھا
يَدَيْهِ عِنْدَ الرُّكُوْعِ وَعِنْدَ رَفْعِ الرَّأْسِ
اپنے ہاتھ رکوع کے وقت اور رکوع سے سر اٹھانیکے وقت
مِنْهُ فَقَالَ لَا تَفْعَلْ اِنَّهُ اَمْرٌ فَعَلَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ
تب کہا عبد اللہ ابن زبیر نے رفع یدین نکر کہ اس کام کو کیا تھا
صلعم فِيْ اَوَّلِ الْاِسْلَامِ ثُمَّ تَرَكَهُ
رسول اللہ صلعم نے اسلام کے شروع میں پھر چھوڑ دیا
وَنُسِخَ وَقَالَ اَيْضًا اِنَّهُ قَالَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ
اور منسوخ ہوا ش۳ اور یہہ بھی کہا ہدایہ میں کہ ابن مسعود نے کہا
رَفَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہاتھ اٹھایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے
فَرَفَعْنَا وَتَرَكَ فَتَرَكْنَا وَيُرْوٰى عَنْ
سو اٹھایا ہمنے اور چھوڑ دیا سو چھوڑ دیا ہمنے ش۳ اور روایت ہی

ش ۲ یہہ قول ابن زبیر کا جو اُسنے بڑی دلیل پکڑنے منسوخیت پر رفع یدین کی محدثین کے پاس اسکی سند ثابت نہین اس سے رفع یدین کیا منسوخ ہوگا ناسخ کو منسوخ کے ساتھہ سند مین مساواۃ چاہیے *

ش ۳ معنی ترک فترکنا کے یہہ ہیں کہ سمجھا ہمنے حصر نے ترک سے منسوخیت اور اوپر بیان ہو چکا کہ فہم صحابی کی حجت نہین حضرت کا نماز رفع یدین منسوخ ہوا کہین ثابت نہین *

ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ الْعَشَرَةَ الْمُبَشَّرَةَ

عبد اللہ ابن عباس سے کہ عشرۂ مبشرہ

لَا يَرْفَعُوْنَ اَيْدِيَهُمْ اِلَّا عِنْدَ الْاِفْتِتَاحِ

نہ اُٹھاتے تھے اپنے ہاتھ مگر تکبیر اولی کے وقت ش ٢

وَاَخْرَجَ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ فِيْ

اور نکالا ش ٣ ابو بکر بن ابی شیبہ نے اپنی کتاب میں

مُصَنَّفِهٖ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ مَوْقُوْفًا لَا يُرْفَعُ

عبد اللہ ابن عباس سے سند موقوف سے ش ٤ نہ اُٹھاویگا کوئی

الْاَيْدِيْ اِلَّا فِيْ سَبْعَةِ مَوَاطِنَ

ہاتھوں کو سوائے سات جگہ کے ایک

التَّكْبِيْرَةِ الْاُوْلٰى وَاسْتِقْبَالِ الْقِبْلَةِ

تو تکبیر اولی اور دوسرے قبلے کا دیکھنا

وَالْمَوْقِفِ وَجَمْرَتَيْنِ وَالْمِنَا

اور تیسرے عرفہ میں اور چوتھی دو جمرہ کے پاس اور پانچ میں

وَالْمَرْوَةِ وَالصَّفَا وَذَكَرَ الْحَدِيْثَ

منا میں اور چھٹے مروہ اور ساتویں صفا پر اور ذکر کیا اس

ش ٢ حاکم نے کہا کہ رفع یدین نفی ہی عشرۂ مبشرہ کا یہ روایت ابن عباس کی جو ہدایہ میں لایا ہی مخالف ترمذی وغیرہ کی ہی *

ش ٣ واخرج ابو بکر الخ یہ عبارت واستدل بہ تک مستدل علی النسخ کی ہی اس رسالیکے مصنف کی عبارت نہیں مصنف جہاں جواب اپنی طرف سے دیتا ہی وہاں اس عبارت پر اعتراض کیا ہی *

ش ٤ یعنے عبید اللہ بن عباس تک ہی سند اسکی ہی رسول اللہ تک نہیں *

صَاحِبُ الْهِدَايَةِ وَاسْتَدَلَّ بِهِ فَنَقُولُ

حدیث کو صاحب ہدایہ نے اور دلیل پکڑی اسسے سو کہتے ہیں ہم

اَلْكَلَامُ اَوَّلًا فِي ثُبُوتِ هٰذِهِ الدَّلَائِلِ

اول تو گفتگو ثابت ہونے میں اس دلیلوں کے ہی ش ۱

وَثَانِيًا فِي ثُبُوتِ النَّسْخِ

اور دوسری گفتگو ثابت ہونے میں منسوخیہ کے ہی

مِنْهَا فَالْاَوَّلُ اَمَّا حَدِيثُ

اس دلیلوں سے ش ۳ پہلی گفتگو یعنے سند میں سو یہی کہ حدیث

بَرَاءِ ابْنِ الْعَازِبِ اِنَّهُ لَا يَعُودُ اَوْ

براء ابن عازب کی بیشک رسول اللہ دوبارہ نکرتے تھے یا

لَا يَرْفَعُهُمَا فَقَدْ قَالَ اَبُودَاؤُدَ اِنَّهُ

نہ اٹھاتے تھے سو تحقیق ابوداؤد ہی جو مخرج اسکا ہی کہا کہ وہ

ضَعِيفٌ وَقَدْ رَدَّهُ ابْنُ الْمَدِينِيِّ وَاَحْمَدُ

ضعیف ہی اور مردود کہا اسکو ابن مدینی نے

وَالدَّارَقُطْنِيُّ وَضَعَّفَهُ الْبُخَارِيُّ

اور امام احمد اور دارقطنی نے اور ضعیف کہا اسکو بخاری نے

ش ۲ یعنے ایک ترمذی کی حدیث چھوڑ کر جتنی دلیلیں ماننعین رفع کی جو ذکور ہو چکیں ہین عدم رفع کے باب میں سب کی سند میں گفتگو ہی کوئی تو ضعیف ہی اور کوئی موضوع اور ترمذی کی حدیث سے بھی نسخ نہیں ثابت ہوتا *

ش ۳ یعنے اگر قطع نظر کریں گفتگو سے سند میں تو بھی سوائے قول ابن مسعود کے ترک قنوت کرنا اور سوائے قول ابن زبیر کے ونسخ حالانکہ اس دونو کا جواب بھی آگے دیا جاتا ہی کسی دلیل سے منسوخیہ رفع یدین کی ثابت نہیں ہوئی *

فِي غَيْرِ صَحِيْحِهِ عَلَى مَا نَقَلَهُ

دوسری کتابمین سواے صحیح بخاری کے بنا بر اسکے کہ نقل کیا اُسکو ش ۲

الْفَاضِلُ الْاِلٰهٰ ابَادِيُّ وَلِهٰذَا قَالَ

فاضل الٰہ آبادی نے اور اسی لئے کہا

الْبُخَارِيُّ فِيْ غَيْرِ صَحِيْحِهِ

بخاری نے دوسری کتاب مین سواے صحیح

لَأَسَانِيْدُ اَصَحُّ مِنْ اَسَانِيْدِ

بخاری کے نہین سندین عدم رفع کی زیادہ صحیح سندون سے

الرَّفْعِ وَاِنْ قَالَ التِّرْمِذِيُّ اِنَّهُ

رفع یدین کی اگرچہ کہا ہی ترمذی نے بیشک حدیث عدم رفع کی

حَسَنٌ فَلَمْ يَقُلْ كَلِمَةَ ثُمَّ لَا يَعُوْدُ غَيْرُ

حسن ہی پر نہین کہا اسنے کلمہ ثم لا یعود کا ش ۳ سواے

شَرِيْكٍ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِيْ زِيَادٍ وَشَرِيْكٌ

شریک کے یزید بن ابی زیاد سے اور شریک کو

يُضَعَّفُ قَدْ ضَعَّفَهُ التِّرْمِذِيُّ فِيْ غَيْرِ

ضعیف راوی کہتے ہین ضعیف کہا اسکو ترمذی نے بہت سی

ش ۲ یعنے بخاری کے ضعیف کہنے کو روایت ثم لا یعود کو *

ش ۳ بلکہ روایت کیا ولم یرفع یدیہ الامرۃ واحدۃ اور اسسے کچھ نسخ رفع یدین کا ثابت نہین ہوتا بلکہ فعل ایک بار کا *

مَوْضِعٍ مِنْ جَامِعِهِ وَقَالَ أَبُو دَاوُدَ
جگھون مین جامع ترمذی کی اور کہا ابو داؤد نے

رَوَاهُ هُشَيْمٌ وَخَالِدٌ وَابْنُ
روایت کیا براء بن عازب کی حدیثکو ہشیم اور خالد اور ابن

إِدْرِيسَ عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي زِيَادٍ
ادریس نے یزید بن ابی زیاد سے

وَلَمْ يَذْكُرُوا فِيهِ ثُمَّ لَا يَعُودُ وَحُكِيَ
اور نہ ذکر کیا اُن تینوں نے اسمین کلمہ ثم لایعود کا اور حکایت کی گئی

عَنْ سُفْيَانَ بْنِ عُيَيْنَةَ أَنَّ يَزِيدَ
[illegible]

[illegible] بِهِ قَبْلَ خُرُوجِهِ إِلَى الْكُوفَةِ فَلَمْ
بیان کیا اُن تینوں سے اس حدیث کو پہلے کوفے کو جانیکے سو نہ

يَذْكُرْ فِيهِ ثُمَّ لَا يَعُودُ فَلَمَّا انْصَرَفَ
ذکر کیا اس دفع کلمہ ثم لایعود کا پھر جب پھر کر آیا کوفے سے

زَادَ فِيهِ يُحْمَلُ ذٰلِكَ عَلَى الْغَلَطِ
زیادہ کیا اسمین ش۲ محمول ہوئی ہے وہ زیادتی غلطی

ش۲ یعنے کلمہ ثم ... ہو گا *

وَالنِّسْيَانِ وَمَا اَوَّلَ بَعْضُهُمْ

اور بھولنے پر اور جو تاویل کی ہی بعضوں نے

تَضْعِيْفَ اَبِيْ دَاوٗدَ بِتَضْعِيْفِهٖ

خود ابو داؤد کی تضعیف کی بسبب ضعیف کہنے ابو داؤد کے

هٰذَا الْحَدِيْثَ بِاِسْنَادِهِ الْخَاصِّ فَسَاقِطٌ

اس حدیث کو اپنی سند خاص سے سوا کی تاویل اعتبار کے

لِاَنَّ شَرِيْكًا وَابْنَ اَبِيْ زِيَادٍ قَدْ تَفَرَّدَا

قابل نہیں کیونکہ شریک اور ابن ابی زیاد فقط یہہ دو شخص نے

بِرِوَايَتِهٖ فَاِذَا ضُعِّفَ

اس حدیث کو روایت کیا ہی پھر جب ضعف

هٰذَا الْاِسْنَادُ سَقَطَ الْحَدِيْثُ

ثابت ہوا اس سند کا ساقط ہوئی وہ حدیث

لِاَنَّهٗ لَيْسَ لَهٗ اِسْنَادٌ سِوَاهُ

کیونکہ نہیں ہی اس حدیث کی کوئی دوسری سند سوا اس سند کے

وَلَا يُتَوَهَّمُ التَّعَارُضُ بَيْنَ الْقَوْلِ

اور نہ وہم کرے کوئی تعارض کا درمیان پہلے قول کے

الْأَوَّلِ أَعْنِي تَفَرَّدَ شَرِيكٍ وَبَيْنَ

یعنے درمیان اس قول کے کہ فقط شریک نے روایت کیا اور درمیان

قَوْلِ أَبِي دَاوُدَ أَعْنِي رِوَايَةَ

ابی داؤد کے قول کے یعنے روایت کرنا

الْعُدُولِ الثَّلَاثَةِ عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي

ان تین ثقہ کا ش ۲ یزید بن ابی

زِيَادٍ لِأَنَّهُ لَمَّا عَلِمُوا وَهْمَ يَزِيدَ ابْنِ

زیاد سے اس لیے کہ جب معلوم ہوا وہم یزید ابن

أَبِي زِيَادٍ فِي هٰذِهِ الرِّوَايَةِ عَلَى

ابی زیاد کا اس روایت میں بنا بر

مَا حَكَى ابْنُ عُيَيْنَةَ تَرَكُوا

حکایت کرنے سفیان ابن عیینہ کے چھوڑ دیا ش ۳

الرِّوَايَةَ عَنْهُ فَصَارَ شَرِيكٌ مُتَفَرِّدًا

روایت کرنا اس سے سو ہوا شریک اکیلا ش ۴

وَأَمَّا حَدِيثُ مُحَمَّدٍ فِي الْمُوَطَّاءِ فَهُوَ

اور حدیث امام محمد کی جو انکی کتاب موطا میں ہی سو وہ

ش ۲ یعنے ہشیم اور خالد اور ابن ادریس *

ش ۳ یعنے ان تینو ثقہ نے

ش ۴ یعنے روایت میں کلمہ ثم لا یعود کے یزید بن ابی زیاد سے *

مِنْ عَاصِمِ بْنِ كُلَيْبٍ وَهُوَ ضَعِيفٌ وَاِنْ

وہ مروی ہی عاصم بن کلیب سے اور وہ راوی ضعیف ہی اگرچہ

رَوَى عَنْهُ الْعُلَمَاءُ قَدْ ضَعَّفَهُ ابْنُ حِبَّانٍ

روایت کیا اسسے علما نے تحقیق ضعیف کہا اسکو ابن حبان نے

حَيْثُ قَالَ فِي رِوَايَتِهِ شَكٌّ

اسطور پر کہ کہا ابن حبان نے روایت مین عاصم کے شک ہی

مَعَ اَنَّهُ مُعَارِضٌ بِمَا عَدَّ

باوجود اسکے کہ حدیث محمد کی مخالف ہی اس چیز کے کہ شمار کیا

مُحْيِ السُّنَّةِ مِنَ الْقَائِلِيْنَ بِالرَّفْعِ

امام محی السنہ نے ان لوگوں میں کہ قایل ہین رفع یدین کے

عَلِيِّ ابْنِ اَبِيْ طَالِبٍ وَذَكَرَ مِثْلَهُ

علی بن ابی طالب کو ش ۲ اور ذکر کیا مثل محی السنہ کے

التِّرْمِذِيُّ وَاَبُو دَاؤُدَ وَاَحْمَدُ وَغَيْرُهُمْ

ترمذی اور ابو داود نے اور امام احمد وغیرہم نے ش ۳

وَمَا رُوِيَ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ حَكِيْمٍ

اور جو روایت ہی عبد العزیز بن حکیم سے

ش ۲ اور قول امام محی السنہ کا محدثین کے نزدیک معتبر زیادہ ہی *

ش ۳ اتنے بہت سے اماموں کی روایت کے روبرو امام محمد کی روایت کا کیا اعتبار *

فَيُعَارِضُهُ مَا رَوَى الْبُخَارِيُّ وَالْمُسْلِمُ

سو اسکے مخالف ہی روایت بخاری اور مسلم

وَغَيْرُهُمَا عَنْ نَافِعٍ اَنَّ ابْنَ عُمَرَ كَانَ

وغیرہما کی ش ۲ نافع سے کہ بیشک عبداللہ بن عمر

اِذَا دَخَلَ فِي الصَّلٰوةِ كَبَّرَ وَرَفَعَ يَدَيْهِ

جب شروع کرتے تھے نماز اللہ اکبر کہتے اور رفع یدین کرتے

وَاِذَا رَكَعَ رَفَعَ يَدَيْهِ وَاِذَا قَالَ

اور جب رکوع میں جاتے رفع یدین کرتے اور جب

سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ رَفَعَ يَدَيْهِ الخ
